دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

بیگم حضرت محل گرلس ہاسٹل میں شان دار اور فعال انول ڈے پروگرام کا انعقاد

New Delhi, June 3, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بیگم حضرت محل گرلس ہاسٹل میں پچیس مئی دو ہزار پچیس کو تخلیقیت ،صلاحیت اور برادری کی شرکت سے بھرپور اور شان دار انول ڈے پروگرام منعقد ہوا۔ پروگرام سے اتحاد اور فضیلت کی روح عیاں تھی جو جامعہ کے اخلاقیات کا مظہر ہے۔ہاسٹل کے مکینوں کے لیے اپنی متنوع صلاحیتوں اور کامیابیوں کی نمود کا بھی یہ موقع تھا۔

عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بطور مہمان اعزازی شرکت کی ۔ان کے ہمراہ ان کی کنبے کے افراد بھی پروگرام میں شریک ہوئے جس سے پروگرام کی خوب صورتی اور بڑھ گئی۔ پروگرام میں ڈینز، چیف پراکٹر، چیف لائبریرین، پروفیسر انچارج ،صدور شعبہ جات، پرووسٹ، وارڈینز (بوائز اینڈ گرلس)اور ڈائریکٹرز نے بھی شرکت کی ۔

قرآن پاک کی روحانی تلاوت سے پروگرام کا مبارک آغاز ہوا جس کے بعد جامعہ کا ترانہ گایا گیا جس سے حاضرین میں فخر اور اتحاد کا شدید احساس جاگا۔ پروفیسر نیلوفر افضل، ہاسٹل پرووسٹ نے استقبالیہ خطبہ دیا جس میں انھوں نے کہا کہ بیگم حضرت محل صرف ایک دارالاقامہ اور رہائش کی جگہ نہیں بلکہ ایسی جگہ ہے جس میں کردار کی نشو ونما ہوتی ہے، تخلیقیت کو فروغ ملتا ہے اور تشخص کا شدید احساس جاگزیں ہوتا ہے۔

علامتی طور پر پروگرام کے مہمان خصوصی اور مہمان اعزازی نے اپنی بیگمات کے ساتھ تقریب کی شمع روشن کر کے پروگرام کا آغاز کرتے ہوئے علم کی شمع اور اجتماعی ترقی و بہبود کی نمائندگی کی ۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے اپنے کلیدی خطبے میں طلبہ کی توانائی، ان کی دلچسپیوں اور پروگرام کے خوش اسلوب انجام دہی پر ان کی تعریف کی ۔انھوں نے ہاسٹل کے رول کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ صرف ایک پناہ گاہ نہیں بلکہ ایک جامع ماحول ہے جو تعلیمی اور ذاتی ترقی اور نشو ونما میں ممد ومعاون ثابت ہوتا ہے۔ تعلیم کے توسط سے خودمختاری پر زور دیتے ہوئے انھوں نے طلبہ سے اپیل کی کہ وہ یونیورسٹی کی طرف حاصل شدہ وسائل اور مواقع کا بھرپور استعمال کریں۔ ’’جامعہ جیسے ادارے پھولتے پھلتے ہیں کیوں کہ اس میں ایک توانا برادری اسپرٹ ہوتی ہے اور اس طرح کی تقریبات ہوتی ہیں جو اتحاد اور ترقی کا جشن ہیں۔

پروفیسر مظہر آصف نے صدارتی خطبے میں پراعتماد، خودمختار اور ذمہ دار شہری کی تشکیل میں تعلیم کے انقلاب آفریں رول کے متعلق جذبہ وخلوص سے بھرپور گفتگو کی۔انھوں نے ترقی پذیر بہبود کے بنیادی پتھر کے طور پر ناری شکتی کو بتاتے ہوئے ملک اور معاشرے کی تعمیر وترقی میں خواتین کی قیادت کی اہمیت پر زور دیا۔

اردو زبان اور اس کی تہذیبی وراثت کی ثروت مندی پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر آصف نے خواتین کی طاقت، انداز اور لچک کے اظہار کے لیے جذبات وتاثرات کو تازہ تر کرنے والے اشعار سنائے۔انھوں نے کہا کہ 'لفظ جننی' جس مفہوم ہے وہ جو جنم دیتا ہے یہ نسائی جنس سے مشتق ہے جو تخلیق ،معلومات اور طاقت میں نسوانیت کتنی اندر تک پیوست سے اسے اجاگر کرتا ہے۔''

انھوں نے طالبات سے منفرد طاقت وقوت پیدا کرنے، اعتماد کے ساتھ فضیلت کی تلاش اور قیادت اور خدمت کی ڈور کو آگے بڑھانے کی اپیل کی۔انھوں نے پراشتیاق انداز میں اپنے ہاسٹل کی زندگی کو یاد کیا اور کہا کہ کس طرح یہ ساجھا اسپیسز یادیں پیدا کرتی ہیں اور زندگی بھر کے لیے رفاقتیں میسر کراتی ہیں۔

موسیقی ،رقص سے لے کر ڈرامے تک کے تہذیبی وثقافتی مظاہروں نے سامعین کو مسحور کر دیا جس سے ہاسٹل کے مکینوں کے مختلف صلاحیتوں کا اظہار بھی ہوا اور یونیورسٹی کی تہذیبی فعالیت وسرگرمی بھی سامنے آئی۔

بطور تحسین شیخ الجامعہ، مسجل اور ان کے اہل خانہ کی خدمت میں مومینٹوز پیش کیے گئے۔دونوں معزز مندوبین کی ہاتھوں سے تیار تصویر بھی انھیں تحفے میں پیش کی گئیں اور ایک باصلاحیت طالبہ کو ان کی فن کارانہ خدمت کے لیے ایک خصوصی مومینٹو سے اس کی تکریم ہوئی۔اس موقع پر دارالاقامہ کے سالانہ نیوز لیٹر وروددوہزار چوبیس۔پچیس کا شیخ الجامعہ کے دست مبارک سے باقاعدہ اجرا بھی عمل میں آیا۔اس میں پورے سال کی حصولیابیوں کو تفصیل سے پیش کیا گیا ہے۔

رہائشی کوچنگ اکیڈمی (آرسی اے) کے اچیورز، ہاسٹل کے پرفارمرز، پرووسٹ، ڈپٹی پرووسٹ اور وارڈین کی بیش قیمت خدمات اور اپنی ذمہ داریوں کے تئیں وقف ہونے کے لیے ان کی تکریم ہوئی۔پورے تعلیمی سال کے متعدد مقابلوں میں فاتحین کو بھی اعزازات سے نوازا گیا اور ان کی کوششوں اور ان کی فضیلت کو اعتراف کیا گیا۔

ہاسٹل ریزیڈینٹ زائینہ امن نے شکریہ ادا کیا اور تمام مندوبین، منتظمین، تہذیبی وثقافتی پروگرام پیش کرنے والوں اور سامعین کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔پروگرام کا اختتام عشائیہ پر ہوا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ